thank

Mr. Ravi Kumar & Mrs. Madhlika Kumar

For their support and help to the Association at all times

In-Office Ultrasound Solutions

Contact:

Saleem Boghani, M.B.,B.S., RDMS

678-735-7487

www.rightchoiceultrasound.com





Georgia Health Imaging





Ultrasound



Echocardiogram


CT Scan


MRI


Bone Density


Mammogram


X-Ray

ACR ACCREDITED

No Insurance?
NO PROBLEM!

Need a CT. MRI, Ultrasound, Echocardiogram, DEXA, X-Ray, IVP, Upper UGI, Mammogram

WALK IN WELCOME!

(Same Day Schedule)
Mon- Fri 9:00-5:00pm, Sat 9:00-1:00pm

Call us at 678-924-0964

At Georgia Health Imaging we care for our patients and our goal is to provide high quality service at a low cost to accommodate the need of many uninsured patients in addition to our insured patients.

MRI	$375-2000
CT Scan	$225-550
General Ultrasound	$90-300
Vascular Ultrasound	$125-400
Echocardiogram	$200-450
X-Ray	$50-175
GI Studies	$175-450
IVP	$150-350
DEXA Scan	$100-250

We Take Medicare, Medicaid, and Private Insurances.

3653 Lawrenceville Hwy. Suite 150 Lawrenceville, GA 30044
Tel: (678) 924-0964 Fax: (678) 924-0965
www.gahealthimaging.com

with Best Compliments from

Café Bombay

• Lunch Buffet • Dine in • Take Out
• Catering • Private Events

--- Indian Bistro
1622 Woodclif Drive
Atlanta, GA 30329

(P) 404-320-0229 (F) 404-320-0125
cafebombay@bellsouth.net **www,cafebombayatlanta.com**

At Neighborhood Mortgage

we provide the lowest rates at the lowest costs!

Give us a call today **to get an instant quote.....**

678-990-8604

Our experienced loan consultants will give you personal attention and treat you with the respect you deserve. We understand that purchasing a new home or refinancing your current home can be one of the biggest decisions you will make in your lifetime. That's why we are committed to making the process as comfortable and hassle free as possible



President/Sr. Loan Officer

CALL: JOHN NORWOOD @ 678-549-9371 or email : **john@nloans.net**

NEIGHBORHOOD
MORTGAGE, INC.

Neighborhood Mortgage - 1835 Lockeway Drive Suite 306 - Alpharetta, GA 30004

Office Phone: 678-990-8600 678-990-8600 **Fax:** 678-990-8601 **Toll Free Phone:** 1-877-208-6451 1-877-208-6451

"Discover Your Path To Recovery"

SCTBI

Southern Crescent Traumatic Brain Injury Center

Southern Crescent TBI Center is a modern, 40 bed state of the art inpatient facility located in McDonough, GA. SCTBI medical care is designed for patients who no longer need acute hospital care, yet remain medically dependent. The Center has the expertise to provide specialized rehabilitation services to adults whose neurologic dysfunction is the result of closed or penetrating head injury, cerebral vascular accidents, anoxia and various encephlapathies. SCTBI Center involves an interdisciplinary team approach to deliver the care needed to provide high intensity skilled medical and rehabilitation services. The interdisciplinary treatment team meets regularly to discuss progress and needs for medically compromised brain injured individuals and modifies the treatment plan accordingly
to optimize functional progress. The medical team consists of neurologist, pulmonology, physiatry, internal medicine and orthopedic consultation services and the special support staff consist of respiratory therapy, dietary, physical, occupational and speech therapy, rehabilitation nursing, recreational therapy and clinical psychology consultation services. Additionally coordinated case management is performed by case managers or social workers including assistance with family education and support.
For more information please contact us at:





Southern Crescent TBI, Center
2125 Hwy 42 N.
McDonough, GA 30248
Phone: 678-565-7710 Web: www.sctbi.com


Qandeel




























قندیل





























جو امیدِ لو کو بڑھا سکے
اسی عزمِ کُل کی تلاش ہے

وہ جو رستے سیدھے دکھا سکے
اسی قائدِ حق کی تلاش ہے

ایک مردِ حُر کی تلاش ہے
ایک رہنما کی تلاش ہے

جو اپنے قول و فعل سے
رخ ہوا کے موڑ دے

انسانیت پھر عام ہو
حیوانیت دم توڑ دے

گمراہیاں معدوم ہوں
اللہ سے رشتہ جوڑ دے

اسی مردِ حق کی تلاش ہے
اسی قائدِ حق کی تلاش ہے

تلاش قائد

نعیم فاطمہ توفیق
جیکسن وِل، فلوریڈا

دلِ مضطرب ، بیقرار کو
ایک رہنما کی تلاش ہے

جو سکونِ دل کا جواز ہو
اسی چارہ گر کی تلاش ہے

دن گُزر گئے حیل و حال میں
مگر حق کی اب بھی تلاش ہے

ایک چارہ گر کی تلاش ہے
ایک رہنما کی تلاش ہے

کہیں ظلم ہے، کہیں قتل و خوں
ہو امن جہاں میں ، تلاش ہے

کہیں بھُوک ہے ، کہیں پستیاں
ہو نجات ان سے ، تلاش ہے

یہ اندھیرے، روشن، پھر ہو سکیں
ایک مشعلِ نو کی ، تلاش ہے

ایک رہبر کل کی، تلاش ہے
ایک رہنما کی تلاش ہے

جو دے عدل اور اماں بھی دے
جو غیرتوں کا سبق بھی دے

جُرأتوں کے عمل کرے
جو بلند حق کا عمل کرے

جو عناد و بغض کو مٹا سکے
جو محبتوں کو بڑھا سکے

ایک مردِ حُر کی تلاش ہے
ایک رہنما کی تلاش ہے


جو خُدا کے آگے ہو سجدہ ریز
جو فرائض اپنے نبھا سکے

جو دل میں خوفِ خُدا لئے
نئی راہیں سب کو دکھا سکے

جو یقین، حق پہ دلا سکے
جو کارواں کو بچا سکے

اسی مردِ حق کی تلاش ہے
اسی قائدِ حق کی تلاش ہے

وہ جو قوم سے اپنی وفا کرے
اسی باوفا کی تلاش ہے



نارِ نمرود میں گلزار بھی کِھل جائے گا

حمید قریشی (اٹلانٹا)

پڑھ بِسم اللہ یہ کلام تیرے دل میں اُتر جائے گا
ہو جذبۂ عبادت تو مَن و سَلوا بھی مل جائے گا

روز و شب کے رونے سے کُچھ حاصل نہیں ہوتا
ہو عشقِ زُلیخا تو حُسنِ یوُسف بھی مل جائے گا


کوئی سمائے نہ اگر دل میں تو دکھ کیسا
دل تو کعبہ ہے یہاں مُنکر نہیں آئے گا

ہو ابراہیم سا ایمان تو آگ سے کیا ڈرنا
نارِ نمرود میں گُلزار بھی کِھل جائے گا

اَبرہہ نے سوچا تھا کہ کعبے کو گِرا دے گا
ابابیل کا جُھنڈ اُس پر عذاب بن کے آئے گا

نوٹ: یہ آزاد نظم ہماری اِس کوشش کا حصہ ہے کہ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ اِفزائی کی جائے (ادارہ)

Qandeel



غزل

شاہد رفیق (اٹلانٹا)

کہکشاؤں کے ستاروں میں چمک باقی ہے
میرے سینے میں ابھی تک بھی رمق باقی ہے

وہ جسے دیکھ کے مُسکا دیتی روح میری
اُسکی آنکھوں میں محبت کی چمک باقی ہے

میں نے جو باغ لگایا تھا بڑے شوق کے ساتھ
اَب بھی اُس باغ میں پھولوں کی مہک باقی ہے

میری آنکھوں کے چراغ میرے جگر کے ٹکڑے
تیرے بچپن کی وہ کانوں میں ہمک باقی ہے

کون کہتا ہے کہ میں ٹوٹ گیا ہوں کیونکہ
میری آنکھوں میں وہ شعلوں کی لپک باقی ہے

اُس نے کیا چھین لیا مجھ سے کہ اب تک
میرے قدموں میں زمیں سر پہ فلک باقی ہے☆

☆ (نوٹ) یہ شعر کسی غیر معروف شاعر سے مستعار لیا گیا ہے

آج دُنیا نئے انقلاب سے دوچار ہے۔ دُنیا سمٹ گئی ہے۔ فاصلے ختم ہوئے ہیں۔ اب کوئی بات صرف ایک انفرادی ملک یا قوم تک باقی نہیں رہتی بلکہ ہر معاملہ جو دُنیا کے کسی کونے میں واقع ہو وہ عالمی طور پر عجیب وغریب طریقے سے اثر انداز ہوتا ہے اور سب ہی اس کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ آجکل پھر مسلمانوں کو اپنی بقاء، اپنی آزادی، عزت و وقار کے لئے زیادہ سے زیادہ جدید علوم اور جدوجہد کی ضرورت ہے۔ تاکہ دُنیا میں ایک باعزت مقام حاصل کرسکیں۔

مگر یاد رکھئے یہ بقاء جنگ وجدل اور مار دھاڑ میں نہیں ہے۔ یہ بقاء نت نئے ہتھیار بنانے اور اعلیٰ ترین تباہ کن آلاتِ جنگ استعمال کرنے میں نہیں ہے۔ بقاءِ دِلوں میں بغض وعناد رکھنے، نفرتیں پھیلانے اور دشمنی کو ہوا دینے میں نہیں ہے۔ طاقتور قوموں نے یہ راستے اختیار کئے اور آج بھی انہیں اصولوں پر کاربند ہیں۔ بستیوں پر بستیاں اجاڑ ڈالیں۔ لاتعداد انسان بلا تمیز عُمر وحالات موت کے گھاٹ اتار دیئے۔ کتنی معصوم اور بے گناہ جانوں کا خون کر ڈالا۔ مگر اس سب کا حاصل کیا ہے؟ دُنیا کا امن وسکون ختم، پیار ومحبت، دوستی و بھائی چارہ سب برباد، انسانیت دم توڑتی نظر آتی ہے۔ انسان انسان کے ہاتھوں تباہ وبرباد ہے۔ رہے دولت اور ثروت کے انبار، یہ سب بے معنی ہوجاتے ہیں اگر انسان محفوظ، مطمئن اور خوش نہیں۔

ہمیں اسی دُنیا میں رہنا ہے۔ یہ دُنیا ہمیں کو بنانا اور سنوارنا ہے۔ اس دُنیا میں ہمیشہ سے مختلف عقیدوں، نظریات اور خیالات کے لوگ رہے ہیں اور سدا رہینگے۔ ہمیں سب کے ساتھ ملکر رہنا ہے۔ اسکے لئے ہمیں بہترین انسانوں کی ضرورت ہے،۔ جن میں عقل وسمجھ ہو۔ جن کے پاس دین ودُنیا کا علم ہو۔ جن میں ضبط وصبر کی صلاحیت ہو۔ جو درگزر کرنا جانتے ہوں۔ جو خودغرض نہ ہوں بلکہ ایثار وقربانی ان کا شعار ہو۔ خدمتِ خلق جن کا مقصدِ حیات ہو۔ جن کے دل خُدا کے خوف سے لبریز ہوں۔ جو ہر قسم کی بدعنوانیوں اور بے انصافیوں سے دور رہ سکیں۔ یہ وقت ہے کہ مسلمان بھی آگے بڑھ کر اپنا فرض ادا کریں۔ دُنیا کے کسی کونے میں رہیں مگر اپنے مالک اور خالق کو اچھی طرح پہچانیں۔ اپنی کمزوریوں، خامیوں اور کوتاہیوں کو دور کر کے کُلّی طور پر احکامِ خداوندی پر کاربند ہوں۔ خود اچھا انسان بننے کی کوشش کریں اور اپنی اولاد و آئندہ نسلوں کو کامل مسلمان اور بہترین انسان بنانے کی پوری جدوجہد کریں۔ اس دُنیا کو اچھا بنانے کے لئے اچھے انسانوں کی کثرت سے ضرورت ہے۔

انسان بنو، انسانیت کو عام کرو سب
اس گرتی ہوئی تہذیب کو تعمیر کرو سب

وقت کی ضرورت؟ اچھے انسان!

نعیم فاطمہ توفیق

قوموں کے عروج و زوال کی داستانیں تاریخ کا وہ اہم جز ہیں جن سے انسان بہت کچھ سبق حاصل کرتا ہے۔ وہ انسان جو بہت اعلیٰ صلاحیتوں کے ساتھ اللہ کا نائب بنا کر اہم فرائض کی انجام دہی کے لیے دُنیا میں بھیجا گیا ہے۔ مسلمانوں کی تاریخ کے سنہرے باب پڑھ کر دل کو بہت کچھ تقویت اور خوشی حاصل ہوتی ہے۔ ایک احساس جاگ اُٹھتا ہے کہ مسلمان بے بنیاد اور بے جڑ امّت نہیں ہیں۔ ان کے پاس ایک بہترین اور مکمل ضابطہِ حیات موجود ہے۔ جو ان کو قادرِ مطلق، مالکِ کون و مکان اور کل کائنات کی طرف سے عطا ہوا ہے اور جو ہر زماں و مکاں کے لئے کامیابی کا ضامن ہے۔ بشرط پورے خلوص اور اعتقاد کے ساتھ اس پر عمل کیا جائے۔

امّتِ مسلمہ کے پاس علم و فن، تہذیب و تمدّن، سماجی، سیاسی، معاشرتی، مذہبی، غرض زندگی کے ہمہ پہلو زاویوں کے لحاظ سے بہترین اثاثے موجودہ ہیں جن سے غیر قوموں نے فائدہ اٹھایا اور اپنی قوم و ملک کو اندھیروں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ اب اس کو بدقسمتی کہیئے یا اعمال بد یا جہالت اور بے عملی کہ مسلمان غفلت کا شکار ہو کر اپنی زندگی کا نصب العین اور راہِ مستقیم کھو بیٹھے۔ نتیجہ مسلمانوں کا انتہائی عروج کے بعد جو زوال شروع ہوا وہ ہنوز آج تک رک نہ سکا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ مسلمان بے حسی کو ختم کر کے، ذلت اور پستی کی زندگی سے نجات پانے کے لئے بھرپور جدوجہد کا آغاز کریں۔ انفرادی اور اجتماعی دونوں طور پر مسلمان کے لئے مایوسی کفر ہے۔ اب بھی موقع ہے۔ اگر مکمل قوت ارادی کے ساتھ ایمان پختہ ہو تو راستے کی ہر مشکل ہر رکاوٹ کو دور کیا جا سکتا ہے۔ اس کی زندہ مثال ہندوستان میں مسلمانوں کی تاریخ کا وہ افسوناک دور ہے جب مسلمانانِ ہند اپنی حکومت، قوت، عظمت اور عزت کھو کر نہ صرف انگریزوں کے دست نگر و غلام بنے بلکہ ایک عرصہِ دراز تک ان کے انتہائی شرمناک، دردناک اور وحشیانہ ظلم و ستم کا مستقل نشانہ بنتے رہے۔ مسلمانانِ ہند شکست خوردہ ہو کر خود اپنے خول میں پناہ گزیں ہو گئے اور یوں علم و فن سے دور ہو کر، بے عملی کی دلدل میں پھنس کر پستی میں ڈوبتے گئے۔ خدا کا شکر و احسان ہے کہ اُس دور میں چند پرخلوص، باہمت اور دُوررس مسلمان ہستیاں ہندوستان میں ایسی پیدا ہوئیں جنہوں نے ہوا کا رخ موڑنے کا بیڑا اُٹھایا اور کامیاب ہوئے۔ اُن پرعظمت ہستیوں نے بے غرض ہو کر ہر قسم کی قربانیوں کے ساتھ علم و عمل کے مینار روشن کئے۔ مسلمانوں میں خود اعتمادی پیدا کر کے انہیں ان کے پاؤں پر کھڑا کیا تا کہ میدان عمل میں شامل ہو کر وہ دُنیا کا مقابلہ کر سکیں۔ یہ عظیم شخصیات ہمارے محسن اور تاریخ کے روشن ستارے ہیں اور نوجوان نسلوں کے لئے نمایاں، بہترین اور قابل تقلید مثالیں ہیں یہاں ان کا تفصیلی ذکر ممکن نہیں لیکن ان کے ناموں، کارناموں اور سوانح حیات سے نوجوانوں اور آئندہ آنے والی نسلوں کو واقف کرانا ہمارا فرض ہے۔

زمانہ قدیم سے ملکوں کے درمیان تجارتی اور سیاسی تعلقات چلے آرہے ہیں۔ سیر وسیاحت اور تعلیم کی غرض سے بھی لوگ غیر ممالک میں جاتے ہیں۔ فاتح قومیں مفتوحہ ممالک پر قبضہ کر کے وہاں اپنی نوآبادی قائم کر لیتی ہیں۔ ان حالات میں ایک زبان کے الفاظ کا دوسری زبان میں داخل ہونے کا عمل قدرتی طور پر بغیر کسی کوشش کے خود بخود جاری رہتا ہے۔ فاتح قوم مفتوح قوم کی زبان پر اثر انداز ہوتی ہے اور خود بھی اس کا اثر قبول کر لیتی ہے۔ ہسپانوی زبان میں سینکڑوں عربی الفاظ شامل ہیں۔ مثلاً گواڈل کویر عربی میں الوادالکبیر ہے اور گواڈل اہارہ اصل میں الوادالحجارہ ہے۔ اسی طرح السید اور نارنج ہے۔ ہسپانیہ کی راہ سے کئی عربی الفاظ یوروپین زبانوں میں داخل ہو گئے۔ مشرقی یورپ کے ممالک صدیوں سلطنت عثمانیہ کا حصہ رہ چکے ہیں۔ بہت سے ترکی الفاظ جن میں فارسی اور عربی کی آمیزش ہو چکی تھی ان کی زبانوں میں ہیں۔ انگریز برصغیر کے علاوہ کئی افریقی اور ایشیائی ممالک پر حکمران رہے۔ اس طرح انگریزی الفاظ مقامی زبانوں میں اور مقامی الفاظ انگریزی میں آ گئے۔

تجارت کی غرض سے اشیائے ضرورت دوسرے ملکوں میں جاتی ہیں تو کبھی ان کے نام بھی ساتھ جاتے ہیں۔ انگریزی میں کاٹن (cotton)، کینڈی (Candy)، تمارند (Tamarind) اور ٹیرف (Tarriff) عربی کے قطن، قندی، تمر الہند اور تعارف ہیں۔ مونگ تجارتی منڈیوں میں بین الاقوامی بن چکا ہے جس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا۔ تھائی لینڈ میں انگور کو انگور کہتے ہیں۔ مگر سیب کو ایپل۔ انگور ہندوستان سے آیا ہوگا اور ایپل آسٹریلیا سے۔ راقم نے تہران میں تربوز بکتا دیکھا۔ نام پوچھا تو ہندوانہ بتایا گیا۔ یہی نام پنجابی میں بھی ہے۔ یہ پھل ہند سے ایران پہنچا ہوگا۔ ایک جگہ آب پرتگال لکھا ہوا دیکھا۔ قریب پہنچنے پر نظر آیا کہ سنگترے کا رس بک رہا ہے۔ تعجب ہوا کہ پرتگال کیوں کہتے ہیں۔ معاً خیال آیا کہ ہم سنگترے کی ایک قسم کو مالٹا کہتے ہیں۔ ہمارے ہاں مالٹا سے آیا ہوگا اور ایران میں پرتگال سے۔ انگریزی میں ایک قسم سنگترا ٹنجرین (Tangerine) کہلاتا ہے۔ ٹنجیر (Tangier) مراقش کا ایک شہر طنجہ ہے جہاں مشہور سیاح ابنِ بطوطہ پیدا ہوا تھا۔

غرض زبانیں ایک دوسرے پر تجارتی، سیاسی، تعلیمی اور تاریخی عوامل کے تحت اثر ڈالتی رہتی ہیں اور یہ عمل خاموشی سے صدیوں جاری رہتا ہے۔ تاریخی عوامل کی ایک مثال اردو میں پادری اور نیلام کے الفاظ ہیں۔ جو پرتگیزی زبان سے آئے ہیں۔ پرتگیز ہندوستان میں انگریزوں سے پہلے وارد ہوئے۔ اگر انگریز پہلے آجاتے تو ہوسکتا ہے کہ ہم پادری اور نیلام کے بجائے فادر (Father) اور آکشن (Auction) کے الفاظ استعمال کرتے۔

اردو کا ذخیرۂ الفاظ

محمد انعام اللہ



چونکہ اردو میں عربی، فارسی، اور ہندی کے الفاظ کثرت سے موجود ہیں اس لئے ہر لفظ کے بارے میں یہ جاننا مفید ہوگا کہ وہ کس زبان سے لیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لئے اُس لفظ کے ایک ایک حرف پر غور کریں۔ اگر حرف پ، ٹ، چ، ڈ، ڑ، ژ، گ میں سے ایک حرف بھی موجود ہے تو وہ لفظ عربی ہرگز نہیں، فارسی یا سنسکرت کا ہے۔ اس کے بعد اگر اس میں ٹ، ڈ، یا ڑ ہے تو وہ لفظ فارسی نہیں بلکہ سنسکرت ہے۔ اس بات کی تصدیق کے لئے کہ وہ لفظ واقعی عربی کا ہے یہ دیکھیں کہ اس کے بنیادی تین حروف سے بنے ہوئے کچھ اور لفظ بھی موجود ہیں۔ مثلاً "مدرسہ" کے تین بنیادی حروف د، ر، س ہیں۔ ان حروف پر مبنی چند اور الفاظ مدارس، تدریس، مدرس ہیں۔ دوسری مثال ہے "اشعار" جس کے تین بنیادی حروف ش، ع، ر ہیں اور دیگر مشتقات ہیں: شعرا، شاعر، مشاعرہ۔ لہٰذا مدرسہ اور اشعار یقیناً عربی ہیں۔ متذکرہ اصولوں کو ایک چارٹ کی صورت میں یوں پیش کیا جا سکتا ہے:

ہندی	عربی	فارسی
ٹ، ڈ، ڑ اور مرکب حروف تہجی موجود ہیں۔ ز، ف، خ، غ کی آوازیں ہندی میں نہیں مگر عربی اور فارسی میں ہیں۔	پ، ٹ، چ، ڈ، ڑ، ژ، گ میں سے کوئی حرف نہ ہو۔ دوسری علامت یہ ہے کہ ملتے جلتے مشتقات اردو میں مستعمل ہیں۔	پ، چ، ژ، گ تو ہیں لیکن ٹ، ڈ، ڑ یا مرکب حروف تہجی کوئی نہیں۔

اگر زبان کو پودا فرض کر لیا جائے تو لفظوں کو اس کے پتے سمجھنا چاہیے۔ پودے برابر بڑھتے رہتے ہیں اور نشو نما پا کر تناور درخت بن جاتے ہیں۔ بالیدگی کے ساتھ ساتھ ایک اور عمل جاری رہتا ہے کہ پرانے پتے سوکھ کر گرتے رہتے ہیں اور نئے پتے ان کی جگہ لے لیتے ہیں۔ یہی حال الفاظ کا ہے۔ جو لفظ اپنی افادیت کھو بیٹھتے ہیں یا موزوں نہیں سمجھے جاتے متروک ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بدلتے ہوئے حالات اور جدید ضرورتوں کے لئے نئے نئے الفاظ زبان میں داخل ہوتے رہتے ہیں

ثبات اک تغیر کو ہے زمانے میں

اگر اردو میں غیر زبانوں کے الفاظ موجود ہیں تو حیرت کی بات نہیں۔ زبانیں اسی طرح پرورش پاتی ہیں۔ اور دنیا کی کوئی زبان ایسی نہیں جس میں دوسری زبانوں کے الفاظ شامل نہ ہوں۔ کوئی شہر ایسا نہیں جہاں کے رہنے والے بالکل ایک جیسی زبان بولتے ہوں۔ ہالی وڈ کی فلم مائی فیر لیڈی (My Fair Lady) میں مشہور ایکٹر ریکس ہیریسن (Rex Harrison) نے پروفیسر ہگنز (Professor Higgins) کا کردار ادا کیا تھا۔ وہ زبان دان گفتگو سے پہچان لیتا تھا کہ اس کا مخاطب لندن کے کس محلّہ کا رہنے والا ہے۔ جب ایک شہر کی بولی کا یہ حال ہے تو پورے ملک کی زبان کا قیاس کر لیجئے۔ سر ونسٹن چرچل کا قول ہے کہ برطانیہ اور امریکہ دو ایسے ملک ہیں جن کو ایک زبان جدا کرتی ہے۔ جب ایک ہی زبان کی یہ کیفیت ہے تو مختلف زبانوں میں کتنی تفاوت ہوگی۔

Qandeel



غزل

ڈاکٹر توفیق محمد خاں (مرحوم)

مقتل میں کیوں یہ آج چراغاں کیا گیا
کیا قتل کوئی صاحبِ ایماں کیا گیا

یوں تو ہر ایک درد کا درماں کیا گیا
کیا کچھ علاجِ گردشِ دوراں کیا گیا

تاریک ایک مکاں میں گزاری تمام عمر
مرقد پہ بعدِ مرگ چراغاں کیا گیا

تسخیر مہر و ماہ مبارک تمہیں مگر
کیا تلخیوں کو زیست کی آساں کیا گیا


کیوں مصلحت سے وقت کی ابطالِ حق کیا
کن کن صداقتوں کو یوں قرباں کیا گیا

صَدیوں کی کوششوں کا نتیجہ تھا یہ چَمن
برباد کس لئے یہ گُلستاں کیا گیا

گلچیں نے نو شگفتہ ہر اک توڑ لی کلی
تاراج اس طرح سے گلستاں کیا گیا

کہتے رہے زباں سے کہ انسان ایک ہیں
ہر فرق کو عمل میں نمایاں کیا گیا

پھر نسل کے جنوں کو ہوا دے رہے ہیں لوگ
قرباں خیالِ وحدتِ انساں کیا گیا



غزل

سید ضیاء خیرآبادی (اٹلانٹا)

راہِ جُنوں میں شام و سحر ڈُھونڈتے رہے
آہوں میں اپنی ہم تو اَثر ڈُھونڈتے رہے

دامن تھا تار تار گریباں نہ بن سکا
دستِ جنوں کا اپنے ہُنر ڈھونڈتے رہے

ماضی کی کھڑکیوں میں جو جھانکا تھا ایک بار
ہم کو حسین یادوں کے در ڈُھونڈتے رہے

آنکھوں کے ساتھ دِل کا بھی رشتہ عجیب ہے
دِل کو جِلا دے ہم وہ نظر ڈُھونڈتے رہے

منزل جُستجو میں رہا دِل کا کارواں
شوقِ طلب میں ہم وہ ڈگر ڈُھونڈتے رہے

ایک عُمر جن کے سائے میں گُزاری کبھی ضیاء
راہوں میں ایسے شمس و قمر ڈُھونڈتے رہے

Qandeel

مشاعرے ہمارا تہذیبی ورثہ ہیں اور اپنے اِس ورثہ کی حفاظت ہمارا اوّلین فرض ہے۔علی گڑھ المنائی ایسوسیشن اِس ورثہ کو پوری ایمانداری کے ساتھ گزشتہ 25 برسوں سے نسل در نسل منتقل کرنے پر گامزن ہے۔ میں اُن لوگوں کی بھی ممنون ہوں جو پابندی سے اِن مشاعروں میں شرکت کر کے انہیں کامیاب بناتے ہیں اور ہماری کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ میں تہہ دِل سے ان لوگوں کی بھی مشکور ہوں جو کسی مصروفیت کی وجہ سے مشاعرے میں شریک نہیں ہو سکے لیکن ان کی نیک خواہشات اور دُعائیں ہمارے ساتھ ہیں۔ خاص طور پر ہمارے ڈاکٹر شاہد رفیق جو کل ہی فریضہء حج کی ادائیگی کے لئے روانہ ہوئے ہیں لیکن جانے سے پہلے اپنا فرض ذمہ داری سے نبھاتے ہوئے قندیل آپ کے ہاتھوں کی نذر کر گئے۔ میں اپنے تمام سرپرستوں کی بہت زیادہ شُکر گُزار ہوں جنہوں نے ہماری حوصلہ افزائی کی، اِس ورثے کی حفاظت کے سفر میں ہمارا مکمل ساتھ دیا اور ہمیں کسی لمحے بھی کمزور نہیں پڑنے دیا۔

جناب ساجد غزنوی، محترم شاہد ملک، جناب روی کمار اور محترمہ مدھو کمار کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ ایک شخصیت ایسی ہے جنہوں نے اپنے دورِ صدارت سے پہلے اپنے دورِ صدارت میں اور اس کے بعد بھی ہر لمحہ ہماری رہنمائی کی۔ ڈاکٹر رشید احمد۔ آپ کی رہنمائی سے میرا پہلا صدارتی سال بڑی خوبی اور خوبصورتی سے پائیہ تکمیل تک پہنچا ہے۔ اس کے علاوہ ہماری ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ممبران یاسر نعمانی (نائب صدر)، سیما عثمانی (خزانچی)، اظہر فاروقی (جنرل سیکریٹری)، ہماری مشاعرہ کمیٹی۔ ڈاکٹر آصف توفیق، جناب فضل زمان خان، جناب محمد انعام اللہ، فرزانہ بھارمل اور سیّد وسیم صاحب۔ ان سب کی خدمات قابلِ ستائش ہیں۔ میں سابق صدر ڈاکٹر جلال زبیری کا اس سال ایسوسی ایشن میں واپسی پر تہہ دِل سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔ کُچھ نام ایسے ہیں جن کے بغیر میرا یہ صدارتی خطبہ اختتام پذیر نہیں ہو سکتا۔ ہما اور زبیر عُصمی، ناصر فاروقی، سلطان خان، جناب وصی اور محترمہ سارہ صدیقی، جناب حسن کمال اور رُخسانہ وسیم۔ یہ ہماری تنظیم کے ستون ہیں جن پر یہ عمارت گزشتہ کئی برسوں سے پورے وقار کے ساتھ کھڑی ہے۔ خدا تعالیٰ اِس اتحاد، محبت اور اعتماد کو قائم و دائم رکھے اور قندیل کی روشنی اِس مجلّے کی صورت میں ہر سال آپ کے چہروں پر جگمگاتی رہے۔

سورج نے جاتے جاتے بڑی تمکنت کے ساتھ
ظلمت میں ڈوبتی ہوئی دُنیا پہ کی نظر
کہنے لگا کہ کون ہے اب اس کا پاسباں
میرے سِوا ہے کون زمانے کا راہبر
میں تھا تو اپنی راہ پہ تھی گامزن حیات
اب میں نہیں رہوں گا تو یہ ساری کائنات
ظلمات میں بھٹکتی پھرے گی تمام رات
سورج یہ کہہ کہ جا ہی رہا تھا کہ اِک دِیا
چپکے سے جَل اُٹھا اور اسے دیکھنے لگا

قندیل



اُردو زبان ایک مُقدس میراث

صدف فاروقی


"زبان صرف اظہارِ خیال کا آلہ نہیں بلکہ ہماری زندگی کا جُزو ہے۔ ہر شخص جو اِسے بولتا یا کام میں لاتا ہے وہ اپنی بساط کے مطابق اِس میں اپنی زندگی کا کُچھ نہ کُچھ نشان ضرور چھوڑتا ہے۔ اس میں ہمارے تمدن و شائستگی، خیالات و جذبات، تجربات اور مُشاہدات کی تاریخ پنہاں ہے۔ ہر لفظ ایک زندہ شے ہے۔ جو اپنے منہ سے اپنی حکایت بیان کر رہا ہے۔ ہمارے اسلاف نے کیسی کیسی محنت و مشقت سے اِسے پالا پوسا ہے اور اپنے خون سے سینچا ہے۔ یہ ایک مقدس میراث ہے۔ جو نسل در نسل ہم تک پہنچی ہے۔ ہم ناخلف ہوں گے اگر ہم نے اِسے قائم نہ رکھا اور اِس کی ترقی و فروغ میں پوری کوشش نہ کی"۔

بابائے اُردو مولوی عبدالحق

اَلحمدُ لِلّٰہ "قندیل" اشاعت پذیر ہوا اور اِس کا پہلا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ شمارہ مولوی عبدالحق کے خواب ہی کی ایک کڑی ہے۔ سرسیّد احمد کی تحریک کا ایک حصہ ہے۔ اِس قندیل کو مشعلِ راہ بنانے کے لیے کئی دوستوں نے بڑی محنت اور ثابت قدمی کا ثبوت دیا ہے۔ یہ شمارہ بڑی محدود مدّت میں ترتیب دیا گیا۔ ڈاکٹر شاہد رفیق نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ آپ کے جذبات، خیالات اور احساسات کو ملحوظ رکھتے ہوئے اُردو کے فروغ و اشاعت کے ضمن میں آپ کی تمام خواہشوں، امنگوں اور امیدوں کی بھرپور ترجمانی کی جائے۔

نئے سال کا آغاز بڑی خوبصورتی اور کامیابی سے ہوا لیکن اختتام کُچھ اِس قیامت کی جدائیاں لے کر آیا کہ صدموں سے سنبھلنا مشکل ہو گیا۔ کل تک جو شخص ہمارے شانہ بہ شانہ کھڑا تھا اور اپنے قیمتی مشوروں سے ہمارا حوصلہ بڑھاتا تھا آج وہ یادوں کا سرمایہ بن گیا۔ ہم سب کے پیارے ریحان خان اِس سال کے آغاز میں ایسوسی ایشن سے وابستہ ہوئے اور "دربارِ مُغلیہ اور مرزا غالب" میں اپنی بے مثال اداکاری سے اَمر ہو گئے۔ تعلیم بالغاں کے مولوی صاحب کا کردار ایک خواب سا بن گیا۔ آپ بروزِ عید ہمیں داغِ جدائی دے گئے۔ اِس لیے ہمارے اِس سال کا شمارہ قندیل آپ کی یاد کی نظر۔ اِس سال تنظیم نے مہمان شعراء کا انتخاب آپ سب کی پسند کو مدّ نظر رکھتے ہوئے کیا ہے۔ انور مسعود اور وصی شاہ صاحب کا یہاں تشریف لانا ہمارے لیے بڑے ہی اعزاز کی بات ہے۔ محترمہ ذکیہ غزل، طاہر فراز اور صبیحہ صبا کی سحر انگیز شخصیت اور محصور کن شاعری نے ہمیں انہیں دوبارہ بلانے پر مجبور کر دیا۔ طاہر فراز صاحب سے گزشتہ برس ہم لطف اندوز نہ ہو سکے تھے لیکن ان کی شہرت نے اِس سال ہمیں انہیں ہندوستان سے بلانے پر مجبور کر دیا۔ امید کرتے ہیں کہ شعراء حضرات کے انتخاب پر آپ ہمیں داد دیئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

Qandeel



میں خیال ہوں کسی اور کا
مجھے سوچتا کوئی اور ہے (سلیم کوثر)

حسن کمال


کوئی بھی تنظیم بنانے اور چلانے میں ہم خیالی شرط ہے۔ گو ابتداء میں ہم خیالی کے ساتھ مروّت بھی لوگوں کے یکجا ہونے کا سبب بن جاتی ہے۔ وہ اشخاص تنظیم کی ارتقاء کا حصہ بن جاتے ہیں۔ وقت کے ساتھ جب بانی گزر جاتے ہیں تو تنظیم بھی ایک نئے دور سے گزرنے لگتی ہے۔

علی گڑھ المنائی ایسوسی ایشن (Aligarh Alumni Association, Atlanta) بھی ایک ایسی ہی تنظیم ہے۔ یہاں بڑے چھوٹوں کا لحاظ کرتے ہیں۔ اس مُروّتی رشتے کی بنیاد پر یہ تنظیم کھڑی ہے۔ وقت کے ساتھ لوگ بدلیں گے اور بدلتے ہوئے لوگوں کے ساتھ نظریات اور رشتے بھی بدلیں گے۔ بدلتے ہوئے نظریات اور ترجیحات سے خیالات میں تضاد پیدا ہونے کا امکان ہوسکتا ہے جو تنظیم کی بنیاد میں کمزوری کا موجب بن سکتا ہے۔ دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ تنظیم کے استحکام اور مقصد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بے غرضی اور باہمی تعاون سے کام لیا جائے، تاکہ نظریاتی مُتفرقات ہم خیالی رشتوں میں تبدیل ہو جائیں۔ سرسید احمد خاں کی تحریک ایک ایسی تحریک ہے جو ماضی، حال اور مستقبل میں بدلی نہیں ہے۔ ہم سے پہلے ہمارے بزرگوں نے اسے اپنایا تھا اور انشاءاللہ ہمارے بچے بھی اِسے اپنائیں گے۔ چنانچہ قائدین تنظیم سے گزارش ہے کہ اس نقطہ پر غور کریں اور سرسید کی تحریک کو ایک منظّم اور بامقصد تحریک کی صورت رواں دواں رکھیں۔ یہ وہ تحریک ہے جو ہم خیال لوگوں کے لئے باعثِ کشش رہے گی۔ نئے لوگ آتے رہیں گے اور شامل ہوتے رہیں گے اور انشاءاللہ یہ کاروانِ تحریکِ سرسید وقت کی ڈگر پر بناء کسی لغزش یا لرزش کے چلتا رہے گا۔

رَبطِ باہم جو نہیں
محفلِ انجم بھی نہیں

اقبال

قندیل





خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

کسی کو کیا خبر تھی کہ جس قندیل اشاعت کا ہم اِتنا اہتمام کر رہے ہیں اُسی کے پیش لفظ میں مجھے ہم سب کے انتہائی عزیز دوست جناب ریحان خان کا ذکر "مرحوم" کہہ کے کرنا پڑے گا ریحان نے اِسی سال انجمنِ فاضلانِ علی گڑھ کی سرگرمیوں میں باقاعدہ حصہ لینا شروع کیا تھا۔ جب قندیل کی اشاعت کا فیصلہ کیا گیا تو اُنہوں نے اُسکی تکمیل کیلئے فوراً ہی کام شروع کر دیا۔ مگر اللہ کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ خالقِ حقیقی نے اپنے اِس مخلص، نیک اور خُدا ترس بندے کو عِید الفِطر کی شام کو اپنے پاس بلا لیا۔

اِنا للہ وَ اِنّا اِلیہِ راجعون

میں قندیل اپنے دوست ریحان خان کے نام کرتا ہوں جن کی زندگی ایک قندیل ہی کی مانند تھی۔ وہ جہاں رہے اُنہوں نے محبت، اِخلاق اور رواداری کی روشنی پھیلائی۔ اپنے آبائی وطن پاکستان سے اُنکی محبت مثالی تھی جس کا مظاہرہ اُنہوں پاکستان امریکن سوسائٹی، اٹلانٹا (P.A.S.A) کی صدارت کے دوران اور پھر پاکستان میں زلزلے اور حالیہ سیلاب کے حوالے سے کیا۔ مجھے ذاتی طور سے اُنکے ساتھ کام کرنے کا موقع "دربارِ مُغلیہ اور مرزا غالب" کی تیاری کے دوران مِلا۔ اُس پروگرام میں ریحان نے جس محنت، لگن اور خوبصورتی سے "تعلیم بالِغاں" کے مولوی صاحب کا کردار نبھایا ہے وہ مُدتوں یاد رکھا جائے گا۔

سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں　　خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

حسبِ سابق سالانہ عالمی مشاعرے کی مناسبت سے "قندیل" پیش خدمت ہے۔ ہماری حتیٰ الامکان کوشش رہی ہے کہ آپ کی خدمت میں نہ صرف ادبی لحاظ سے معیاری مضامین اور شاعری پیش کئے جائیں بلکہ نئے لکھنے والے مقامی ادیبوں، شعراء اور شاعرات کی بھی موقع دیا جائے کہ وہ آپ خواتین وحضرات تک اپنے خیالات پہنچائیں۔

میں قندیل کی اشاعتی کمیٹی کے اراکین جناب محمد انعام اللہ، ڈاکٹر فرزانہ بھارمل اور ڈاکٹر جلال زبیری کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے بہت قیمتی وقت نکالا۔ اُنہوں نے اِس مُجلّے کے تمام مضامین اور وشعری کلام کو پڑھ کے اور اُن کی نوک پلک درست کر کے آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے۔ اگر آپ قندیل میں کوئی کمی بیشی پائیں تو اُس کا ذمہ دار میں خود ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ ہماری اِس کاوش کو اپنے معیار کے عین مُطابق پائیں گے اور غلطیاں درگزر کریں گے۔

دُعاؤں کا طالب

شاہد رفیق (مدیر اعزازی)



Sir Syed Ahmed Khan by Mohamed Inamullah

قندیل

نومبر ۲۰۱۰

انجمنِ فاضلانِ جامعہ علیگڑھ، اٹلانٹا

Aligarh Alumni Association, Atlanta.

ALL ABOUT SIGNS

Very Latest Signs at Very Very Competitive Prices

We Beat internet Prices Every Day 20 % Cheaper Than Competitors (Apples to Apples)

www.AllAboutSigns.com

Signs Designed, Engineered, and Fabricated by Technocrats

We are a UL Listed Electrical Sign Fabricator

We do Wholesale LED SIGNS Patented

Water Proof Lighted Channel Letters Neon

Signs Lighted Boxes Full Color Banners

Digital Printing Magnets

Biggest Variety Of Exhibit Banners Displays

Please Call Javed Rahmat (Jay) B.Sc, M.B.A. Tech-no-crat

Jay@AllAboutSigns.com

Tel: 770.977.0408 Fax: 770.973.3630

4371 Roswell Rd, Marietta, GA, 30062 (Roswell Rd & Johnson Ferry Rd. by SEARS)

2125 Roswell Rd, Marietta, GA, 30062 (in EastLake Shopping Center next to ALDI)

WITH BEST
COMPLIMENTS FROM

SABRI
KABAB HOUSE

Tuesday's Stimulus Package:
$3.99 + tax, All Day

Open 7 Days: 12:00 Noon till Midnight

6075 Singleton Road
Norcross, GA 30093
770-263-0014
770-263-6004

For Catering, call Karim at 404-966-5449

Finally! a restaurant in Atlanta...

KARACHI

Broast & Grill -HALAL

...where you can:

- *Order Halal American & Desi Barbeque items
- *Hold meeting in our private room
- *Perform Salat in our prayer space
- *Have children enjoy play room facility!



We only use hand cut chicken!

Check out our entire menu at:
www.karachibroastandgrill.com

678-291-0101

5775 Jimmy Carter Blvd., Suite 180

(Brook Hollow Village Shopping Center)

Norcross, GA 30071

Bar-B-Q Tonite

Restaurant

Food you have never tasted before at Unbeatable Prices!



Serving the Finest
Mediterranean,
Afghan, Indo-Pak
Bangla & Chinese
Cuisine

Sunday - Thursday 12:00 pm - 10:00 pm
Friday - Saturday 12:00 pm - 10:30 pm
(closed on Tuesday)

DINE-IN & CARRY OUT
Call in advance for Pick Up Orders

CATERING AVAILABLE
(Choose from over 500 dishes)
Banquet Halls Available

STARTING
1st NOVEMBER

LUNCH BUFFET (Weekdays) $5.99
SUNDAY BRUNCH $7.99

5265 Jimmy Carter Boulevard, Norcross, GA 30093
(conveniently located at the intersection of Singleton Road and Jimmy Carter Blvd near I-85)
Phone: (678) 966-0085, (773) 972-3576
Email: bbqtonite@att.net


ATLANTA Gastroenterology ASSOCIATES

Specialists in the Detection and Treatment of Digestive Diseases, Hepatitis and Colon Cancer


Almost every adult will suffer from digestive issues during their lifetime. Whether it's a touch of indigestion or abdominal pain that won't subside, you deserve the best possible care. The Board Certified specialists at Atlanta Gastroenterology Associates are experts in evaluating and treating every type of digestive disorder, including:

- Colon Cancer
- Diarrhea
- Hiatal Hernias
- Acid Reflux
- Ulcers
- Crohn's Disease
- Liver Disease & Hepatitis
- Barrett's Esophagus
- Intestinal Polyps
- Irritable Bowel Syndrome
- Ulcerative Colitis
- Hemorrhoid Banding


With convenient locations throughout metro Atlanta and North Georgia, including eight state-of-the-art endoscopy centers, taking charge of your health has never been easier.




Srini R. Ayinala, M.D.
Lawrenceville
770.822.5560
Snellville
770.972.4780



Hitesh R. Chokshi, M.D.
Stockbridge
770.507.0909
Locust Grove
678.432.8246




Harsh V. Duphare, M.D.
Marietta
770.427.3075
Acworth
678.631.4600



Hetal A. Karsan, M.D.
Saint Joseph's
404.257.9000
North Fulton
770.569.0777



Kavita R. Kongara, M.D.
Emory Midtown
404.888.7595
Piedmont West
404.351.9512




Sanjay R. Parikh, M.D.
Snellville
770.972.4780
Lawrenceville
770.822.5560



Anupama Ravi, M.D.
Douglasville
678.784.5020
Hiram
678.486.5500



Sumalatha Satoor, M.D.
Stockbridge
770.507.0909



Jyotsna Talapaneni, M.D.
Lawrenceville
770.822.5560
Snellville
770.972.4780
Duluth
770.822.5560

For more information, visit our web site: **www.atlantagastro.com** or call: **1-866-GO-TO-AGA [468-6242]**

Atlanta Gastroenterology Associates is a participating provider for Medicare, Medicaid and most healthcare plans offered in Georgia.



انجمنِ فاضلانِ جامعہ علیگڑھ، اٹلانٹا

Aligarh Alumni Association, Atlanta.